3095: حضرت ابوموسیٰؓ اشعری سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نبی ﷺ کی خدمت میں اشعری لوگوں کی ایک جماعت کے ساتھ آیا ہم آپؐ سے سواریوں کی درخواست کر رہے تھے۔ آپؐ نے فرمایا اللہ کی قسم میں تمہیں سواری نہیں دے سکتا اور نہ ہی میرے پاس کوئی (سواری) ہے جس پر میں تمہیں سوار کراؤں۔ وہ کہتے ہیں ہم جب تک اللہ نے چاہا ٹھہرے رہے۔ پھر آپؐ کے پاس کچھ اونٹ لائے گئے۔ آپؐ نے ہمارے لئے سفید کوہان والے تین اونٹ دینے کا ارشاد فرمایا جب ہم چلنے لگے ہم نے کہا یا ہم نے ایک دوسرے سے کہا اللہ اس میں ہمارے لئے برکت نہیں ڈالے گا۔ ہم رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں سواری طلب کرنے آئے۔ حضورؐ نے قسم کھائی کہ ہمیں سواری نہیں دیں گے۔ پھر آپؐ نے سواری عطا

3095 : اطراف : مسلم کتاب الایمان باب ندب من حلف یمینا فرأی غیرها خیرا منها ..3096، 3097 ، 3098

تخریج : بخاری کتاب فرض الخمس باب ومن الدلیل علی ان الخمس لنوائب المسلمین 3133 کتاب المغازی باب قدوم الاشعریین واهل الیمن 4385 باب غزوة تبوک 4415 کتاب الذبائح والصید باب لحم الدجاج 5518 کتاب الایمان والنذور باب قول الله تعالی لا یؤاخذکم الله باللغو فی ایمانکم 6623 باب لا تحلفوا بآبائکم 6649 باب الیمین فیما لا یملک…6678، 6680 کتاب کفارات الایمان باب الاستثناء فی الایمان 6718 باب الکفارة قبل الحنث وبعده 6721 کتاب التوحید باب قول الله تعالی والله خلقکم وما تعملون 7555 **ابن ماجه** کتاب الکفارات باب من حلف علی یمین فرأی غیرها خیرا منها ...2107، 2108

وَإِنِّي وَاللَّهِ إِنْ شَاءَ اللَّهُ لَا أَحْلِفُ عَلَى يَمِينٍ ثُمَّ أَرَى خَيْرًا مِنْهَا إِلَّا كَفَّرْتُ عَنْ يَمِينِي وَأَتَيْتُ الَّذِي هُوَ خَيْرٌ [4263]

فرمادی۔ چنانچہ وہ حضورؐ کے پاس آئے اور آپؐ کو یہ بات بتائی۔ آپؐ نے فرمایا میں نے تمہیں سواری نہیں دی بلکہ سواری اللہ نے تمہیں دی ہے اور بخدا میں اگر اللہ چاہے کوئی قسم نہیں کھاتا پھر اس سے بہتر کوئی بات دیکھتا ہوں تو اپنی قسم کا کفارہ دے دیتا ہوں اور وہ کرتا ہوں جو بہتر ہو۔

3096{8}حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ بَرَّادٍ الْأَشْعَرِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ الْهَمْدَانِيُّ وَتَقَارَبَا فِي اللَّفْظِ قَالَا حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ عَنْ بُرَيْدٍ عَنْ أَبِي بُرْدَةَ عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ أَرْسَلَنِي أَصْحَابِي إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَسْأَلُهُ لَهُمُ الْحُمْلَانَ إِذْ هُمْ مَعَهُ فِي جَيْشِ الْعُسْرَةِ وَهِيَ غَزْوَةُ تَبُوكَ فَقُلْتُ يَا نَبِيَّ اللَّهِ إِنَّ أَصْحَابِي أَرْسَلُونِي إِلَيْكَ لِتَحْمِلَهُمْ فَقَالَ وَاللَّهِ لَا أَحْمِلُكُمْ عَلَى شَيْءٍ وَوَافَقْتُهُ وَهُوَ غَضْبَانُ وَلَا أَشْعُرُ فَرَجَعْتُ حَزِينًا مِنْ مَنْعِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمِنْ مَخَافَةِ أَنْ يَكُونَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ وَجَدَ

3096: حضرت ابوموسیٰؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ مجھے میرے ساتھیوں نے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں بھجوایا کہ میں آپؐ سے سواری مانگوں جب وہ آپؐ کے ساتھ جیش العسرۃ یعنی غزوۂ تبوک میں تھے میں نے عرض کیا اے اللہ کے نبیؐ! میرے ساتھیوں نے مجھے آپؐ کے پاس بھیجا ہے تاکہ آپؐ انہیں سواری عطا فرمائیں۔ آپؐ نے فرمایا اللہ کی قسم میں تمہیں سواری کے لئے کچھ نہیں دے سکتا۔ اور میں آپؐ سے ملا اور آپؐ ناراض تھے اور مجھے پتہ نہیں چلا میں رسول اللہ ﷺ کے نہ دے سکنے کی وجہ سے غمزدہ واپس لوٹا اور اس ڈر سے بھی کہ رسول اللہ ﷺ اپنے دل میں مجھ سے ناراض نہ ہوں میں اپنے ساتھیوں کی طرف واپس آیا اور انہیں بتایا جو رسول اللہ ﷺ نے

3096 : اطراف : مسلم کتاب الایمان باب ندب من حلف یمینا فرأی غیرها خیرا منها ...3095، 3097، 3098

تخریج : بخاری کتاب فرض الخمس باب ومن الدلیل علی ان الخمس لنوائب المسلمین 3133 کتاب المغازی باب قدوم الاشعریین واهل الیمن 4385 باب غزوة تبوک 4415 کتاب الذبائح والصید باب لحم الدجاج 5518 کتاب الایمان والنذور باب قول الله تعالی لا یؤاخذکم الله باللغو فی ایمانکم 6623 باب لا تحلفوا بآبائکم 6649 باب الیمین فیما لا یملک...6678، 6680 کتاب کفارات الایمان باب الاستثناء فی الایمان 6718 باب الکفارة قبل الحنث وبعده 6721 کتاب التوحید باب قول الله تعالیٰ والله خلقکم وما تعملون 7555 **ابن ماجه** کتاب الکفارات باب من حلف علی یمین فرأی غیرها خیرا منها ...2107، 2108

فِي نَفْسِهِ عَلَيَّ فَرَجَعْتُ إِلَى أَصْحَابِي فَأَخْبَرْتُهُمْ الَّذِي قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ أَلْبَثْ إِلَّا سُوَيْعَةً إِذْ سَمِعْتُ بِلَالًا يُنَادِي أَيْ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ قَيْسٍ فَأَجَبْتُهُ فَقَالَ أَجِبْ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُوكَ فَلَمَّا أَتَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ خُذْ هَذَيْنِ الْقَرِينَيْنِ وَهَذَيْنِ الْقَرِينَيْنِ وَهَذَيْنِ الْقَرِينَيْنِ لِسِتَّةِ أَبْعِرَةٍ ابْتَاعَهُنَّ حِينَئِذٍ مِنْ سَعْدٍ فَانْطَلِقْ بِهِنَّ إِلَى أَصْحَابِكَ فَقُلْ إِنَّ اللَّهَ أَوْ قَالَ إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَحْمِلُكُمْ عَلَى هَؤُلَاءِ فَارْكَبُوهُنَّ قَالَ أَبُو مُوسَى فَانْطَلَقْتُ إِلَى أَصْحَابِي بِهِنَّ فَقُلْتُ إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَحْمِلُكُمْ عَلَى هَؤُلَاءِ وَلَكِنْ وَاللَّهِ لَا أَدَعُكُمْ حَتَّى يَنْطَلِقَ مَعِي بَعْضُكُمْ إِلَى مَنْ سَمِعَ مَقَالَةَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ سَأَلْتُهُ لَكُمْ وَمَنْعَهُ فِي أَوَّلِ مَرَّةٍ ثُمَّ إِعْطَاءَهُ إِيَّايَ بَعْدَ ذَلِكَ لَا تَظُنُّوا أَنِّي حَدَّثْتُكُمْ شَيْئًا لَمْ يَقُلْهُ فَقَالُوا لِي وَاللَّهِ إِنَّكَ عِنْدَنَا لَمُصَدَّقٌ وَلَنَفْعَلَنَّ مَا أَحْبَبْتَ فَانْطَلَقَ أَبُو مُوسَى بِنَفَرٍ مِنْهُمْ حَتَّى أَتَوْا الَّذِينَ سَمِعُوا قَوْلَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ

فرمایا تھا۔ میں تھوڑی دیر ہی ٹھہرا تھا کہ میں نے سنا کہ بلالؓ مجھے پکار رہے ہیں اے عبداللہ بن قیس! میں نے انہیں جواب دیا۔ انہوں نے کہا رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو، حضورؐ تمہیں یاد فرما رہے ہیں۔ میں جب رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپؐ نے ان چھ اونٹوں کے بارہ میں جو آپؐ نے اس وقت سعدؓ سے خریدے تھے فرمایا یہ جوڑی اور یہ جوڑی اور یہ جوڑی لے لو اور ان کو اپنے ساتھیوں کے پاس لے جاؤ اور کہو کہ اللہ یا فرمایا اللہ کا رسول ﷺ تمہیں یہ سواریاں دیتے ہیں اور ان کو سواری کے لئے استعمال کرو۔ حضرت ابوموسیٰؓ کہتے ہیں میں ان کو لے کر اپنے ساتھیوں کے پاس گیا اور کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے تمہیں یہ سواری کے لئے دیئے ہیں۔ لیکن اللہ کی قسم! میں تمہیں چھوڑوں گا نہیں یہانتک کہ تم میں سے کوئی میرے ساتھ ان لوگوں کے پاس چلے جنہوں نے رسول اللہ ﷺ کی بات سنی تھی جب میں نے تمہارے لئے آپؐ سے سوال کیا تھا اور آپؐ کا پہلی مرتبہ نہ دینا اور پھر بعد میں مجھے دے دینا (سنا اور دیکھا تھا۔) یہ نہ سمجھ لینا کہ میں نے تم سے کوئی ایسی بات کہی ہے جو رسول اللہ ﷺ نے نہیں فرمائی تھی۔ انہوں نے کہا بخدا آپ ہمارے نزدیک قابلِ اعتبار ہیں مگر پھر بھی ہم وہ ضرور کریں گے جو آپؓ چاہتے ہیں۔ پھر حضرت ابوموسیٰؓ اپنے ساتھ ان میں سے بعض لوگوں

وَسَلَّمَ وَمَنْعَهُ إِيَّاهُمْ ثُمَّ إِعْطَاءَهُمْ بَعْدُ فَحَدَّثُوهُمْ بِمَا حَدَّثَهُمْ بِهِ أَبُو مُوسَى سَوَاءً [4264]

کو لے کر چلے یہاںتک کہ ان لوگوں کے پاس آئے جنہوں نے رسول اللہ ﷺ کی وہ بات اور آپؐ کا ان کو دینے سے انکار اور پھر بعد میں آپؐ کا انہیں دے دینے کا سنا تھا۔ چنانچہ ان لوگوں نے بھی انہیں بالکل وہی بات بتائی جیسا کہ ابوموسیٰؓ نے انہیں بتائی تھی۔

3097{9}حَدَّثَنِي أَبُو الرَّبِيعِ الْعَتَكِيُّ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ يَعْنِي ابْنَ زَيْدٍ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ أَبِي قِلَابَةَ وَعَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَاصِمٍ عَنْ زَهْدَمٍ الْجَرْمِيِّ قَالَ أَيُّوبُ وَأَنَا لِحَدِيثِ الْقَاسِمِ أَحْفَظُ مِنِّي لِحَدِيثِ أَبِي قِلَابَةَ قَالَ كُنَّا عِنْدَ أَبِي مُوسَى فَدَعَا بِمَائِدَتِهِ وَعَلَيْهَا لَحْمُ دَجَاجٍ فَدَخَلَ رَجُلٌ مِنْ بَنِي تَيْمِ اللَّهِ أَحْمَرُ شَبِيهٌ بِالْمَوَالِي فَقَالَ لَهُ هَلُمَّ فَتَلَكَّأَ فَقَالَ هَلُمَّ فَإِنِّي قَدْ رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْكُلُ مِنْهُ فَقَالَ الرَّجُلُ إِنِّي رَأَيْتُهُ يَأْكُلُ شَيْئًا فَقَذِرْتُهُ فَحَلَفْتُ أَنْ لَا أَطْعَمَهُ فَقَالَ هَلُمَّ أُحَدِّثْكَ عَنْ ذَلِكَ إِنِّي أَتَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي رَهْطٍ مِنَ الْأَشْعَرِيِّينَ نَسْتَحْمِلُهُ فَقَالَ وَاللَّهِ

3097: ابوقلابہ کہتے ہیں ہم حضرت ابوموسیٰؓ کے پاس تھے انہوں نے اپنا دسترخوان لگوایا جس پر مرغ کا گوشت تھا۔ بنی تیم اللہ میں سے ایک شخص جو سرخ رنگ کا تھا آیا جو آزاد کردہ غلاموں سے ملتا جلتا تھا۔ انہوں نے اسے کہا آجاؤ۔ وہ ٹھٹکا۔ انہوں نے کہا آجاؤ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ کھاتے ہوئے دیکھا ہے۔ اس شخص نے کہا میں نے اسے کچھ چیز کھاتے دیکھا ہے جس کی وجہ سے مجھے اس سے کراہت آئی اور میں نے قسم کھائی کہ میں یہ نہیں کھاؤنگا۔ حضرت ابوموسیٰؓ نے کہا آؤ میں اس بارہ میں تمہیں حدیث سناؤں میں اشعری قبیلہ کے کچھ لوگوں کے ساتھ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں آیا ہم آپؐ سے سواری کے طالب تھے۔ آپؐ نے فرمایا اللہ کی قسم! میں تمہیں سواری نہیں دے سکتا اور نہ ہی میرے پاس کوئی (سواری) ہے جو میں دوں۔ کچھ دیر

3097 : اطراف : مسلم کتاب الایمان باب ندب من حلف یمینا فرأی غیرھا خیرا منھا ...3095 ، 3096 ، 3098
تخریج : بخاری کتاب فرض الخمس باب ومن الدلیل علی ان الخمس لنوائب المسلمین 3133 کتاب المغازی باب قدوم الاشعریین واھل الیمن 4385 باب غزوۃ تبوک 4415 کتاب الذبائح والصید باب لحم الدجاج 5518 کتاب الایمان والنذور باب قول اللہ تعالی لا یؤاخذکم اللہ باللغو فی ایمانکم 6623 باب لا تحلفوا بآبائکم 6649 باب الیمین فیما لا یملک ...6678، 6680 کتاب کفارات الایمان باب الاستثناء فی الایمان 6718 باب الکفارۃ قبل الحنث وبعدہ 6721 کتاب التوحید باب قول اللہ تعالیٰ واللہ خلقکم وما تعملون 7555 ابن ماجہ کتاب الکفارات باب من حلف علی یمین فرأی غیرھا خیرا منھا ...2107 ، 2108

لَا أَحْمِلُكُمْ وَمَا عِنْدِي مَا أَحْمِلُكُمْ عَلَيْهِ فَلَبِثْنَا مَا شَاءَ اللَّهُ فَأُتِيَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَهْبِ إِبِلٍ فَدَعَا بِنَا فَأَمَرَ لَنَا بِخَمْسِ ذَوْدٍ غُرِّ الذُّرَى قَالَ فَلَمَّا انْطَلَقْنَا قَالَ بَعْضُنَا لِبَعْضٍ أَغْفَلْنَا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمِينَهُ لَا يُبَارَكُ لَنَا فَرَجَعْنَا إِلَيْهِ فَقُلْنَا يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّا أَتَيْنَاكَ نَسْتَحْمِلُكَ وَإِنَّكَ حَلَفْتَ أَنْ لَا تَحْمِلَنَا ثُمَّ حَمَلْتَنَا أَفَنَسِيتَ يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ إِنِّي وَاللَّهِ إِنْ شَاءَ اللَّهُ لَا أَحْلِفُ عَلَى يَمِينٍ فَأَرَى غَيْرَهَا خَيْرًا مِنْهَا إِلَّا أَتَيْتُ الَّذِي هُوَ خَيْرٌ وَتَحَلَّلْتُهَا فَانْطَلِقُوا فَإِنَّمَا حَمَلَكُمْ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ و حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عُمَرَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ أَبِي قِلَابَةَ وَالْقَاسِمِ التَّمِيمِيِّ عَنْ زَهْدَمٍ الْجَرْمِيِّ قَالَ كَانَ بَيْنَ هَذَا الْحَيِّ مِنْ جَرْمٍ وَبَيْنَ الْأَشْعَرِيِّينَ وُدٌّ وَإِخَاءٌ فَكُنَّا عِنْدَ أَبِي مُوسَى الْأَشْعَرِيِّ فَقُرِّبَ إِلَيْهِ طَعَامٌ فِيهِ لَحْمُ دَجَاجٍ فَذَكَرَ نَحْوَهُ و حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ السَّعْدِيُّ وَإِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَابْنُ نُمَيْرٍ عَنْ إِسْمَعِيلَ ابْنِ عُلَيَّةَ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ الْقَاسِمِ التَّمِيمِيِّ عَنْ زَهْدَمٍ الْجَرْمِيِّ ح و حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عُمَرَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ

جب تک اللہ نے چاہا ہم ٹھہرے پھر رسول اللہ ﷺ کے پاس مالِ غنیمت کے کچھ اونٹ آئے۔ آپؐ نے ہمیں بلایا اور ہمیں سفید کوہان والے پانچ اونٹ دینے کا ارشاد فرمایا۔ جب ہم چلے تو ہم میں سے کسی نے کہا کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ سے آپؐ کی قسم کا ذکر نہیں کیا ہمارے لئے ان میں برکت نہ ہوگی۔ ہم رسول اللہ ﷺ کے پاس واپس گئے اور عرض کیا یا رسولؐ اللہ! ہم آپؐ کے پاس سواری مانگنے آئے تھے اور آپؐ نے قسم کھائی تھی کہ آپؐ ہمیں کوئی سواری نہ دیں گے۔ پھر آپؐ نے ہمیں سواری عطا کر دی ہے۔ یا رسولؐ اللہ! کیا آپؐ بھول گئے؟ آپؐ نے فرمایا اللہ کی قسم میں اگر اللہ چاہے تو کوئی قسم نہیں کھاتا مگر پھر کوئی اور بات اس سے بہتر دیکھتا ہوں تو وہی کرتا ہوں جو بہتر ہے اور قسم کھول دیتا ہوں پس تم جاؤ تمہیں اللہ نے سواری عطا فرمائی ہے

ایک اور روایت میں ہے کہ جَرْم قبیلہ کی اس شاخ اور اشعریوں کے درمیان مودّت اور بھائی چارہ کا تعلق تھا اور ہم حضرت ابو موسیٰ ؓ اشعری کے پاس تھے اور ان کو کھانا پیش کیا گیا جس میں مرغ کا گوشت تھا۔ باقی روایت سابقہ روایت کی طرح ہے۔

ایک اور روایت میں ہے کہ راوی زَہدم جَرمی بیان کرتے ہیں کہ میں حضرت ابو موسیٰ ؓ کے پاس آیا اور وہ مرغ کا گوشت کھا رہے تھے۔ باقی روایت سابقہ

أَيُّوبَ عَنْ أَبِي قِلَابَةَ عَنْ زَهْدَمٍ الْجَرْمِيِّ ح و حَدَّثَنِي أَبُو بَكْرِ بْنُ إِسْحَقَ حَدَّثَنَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ حَدَّثَنَا أَيُّوبُ عَنْ أَبِي قِلَابَةَ وَالْقَاسِمِ عَنْ زَهْدَمٍ الْجَرْمِيِّ قَالَ كُنَّا عِنْدَ أَبِي مُوسَى وَاقْتَصُّوا جَمِيعًا الْحَدِيثَ بِمَعْنَى حَدِيثِ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ و حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ حَدَّثَنَا الصَّعْقُ يَعْنِي ابْنَ حَزْنٍ حَدَّثَنَا مَطَرٌ الْوَرَّاقُ حَدَّثَنَا زَهْدَمٌ الْجَرْمِيُّ قَالَ دَخَلْتُ عَلَى أَبِي مُوسَى وَهُوَ يَأْكُلُ لَحْمَ دَجَاجٍ وَسَاقَ الْحَدِيثَ بِنَحْوِ حَدِيثِهِمْ وَزَادَ فِيهِ قَالَ إِنِّي وَاللَّهِ مَا نَسِيتُهَا [4268,4267,4266,4265]

روایت کے مطابق ہے مگر اس میں یہ اضافہ ہے کہ (حضور ﷺ نے) فرمایا تھا کہ خدا کی قسم میں اسے (اپنی قسم کو) بھولا نہیں۔

3098{10} و حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا جَرِيرٌ عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ عَنْ ضُرَيْبِ بْنِ نُقَيْرٍ الْقَيْسِيِّ عَنْ زَهْدَمٍ عَنْ أَبِي مُوسَى الْأَشْعَرِيِّ قَالَ أَتَيْنَا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَسْتَحْمِلُهُ فَقَالَ مَا عِنْدِي مَا أَحْمِلُكُمْ وَاللَّهِ مَا أَحْمِلُكُمْ ثُمَّ بَعَثَ إِلَيْنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِثَلَاثَةِ

3098: زہدم سے مروی ہے کہ حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ بیان کرتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے پاس آپؐ سے سواری مانگنے آئے۔ آپؐ نے فرمایا میرے پاس کچھ نہیں جو میں تمہیں سواری کے لئے دوں۔ اللہ کی قسم میں تمہیں سوار نہیں کرا سکتا۔ پھر آپؐ نے ہمیں سفید و سیاہ کوہان والے تین اونٹ بھجوائے۔ ہم نے کہا ہم رسول اللہ ﷺ کے پاس سواری لینے

3098 : اطراف : مسلم کتاب الایمان باب ندب من حلف یمینا فرأی غیرها خیرا منها ...3095 ، 3096 ، 3097

تخریج : بخاری کتاب فرض الخمس باب ومن الدلیل علی ان الخمس لنوائب المسلمین 3133 کتاب المغازی باب قدوم الاشعریین واهل الیمن 4385 باب غزوة تبوک 4415 کتاب الذبائح والصید باب لحم الدجاج 5518 کتاب الایمان والنذور باب قول الله تعالی لا یؤاخذکم الله باللغو فی ایمانکم 6623 باب لا تحلفوا بآبائکم 6649 با ب الیمین فیما لا یملک...6678 ، 6680 کتاب کفارات الایمان باب الاستثناء فی الایمان 6718 بـا ب الکفارة قبل الحنث وبعده 6721 کتاب التوحید باب قول الله تعالیٰ والله خلقکم وما تعملون 7555 **ابن ماجه** کتاب الکفارات باب من حلف علی یمین فرأی غیرها خیرا منها ...2107 ، 2108

ذَوْدٍ بُقْعِ الذُّرَى فَقُلْنَا إِنَّا أَتَيْنَا رَسُولَ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ نَسْتَحْمِلُهُ فَحَلَفَ أَنْ لَا يَحْمِلَنَا فَأَتَيْنَاهُ فَأَخْبَرْنَاهُ فَقَالَ إِنِّي لَا أَحْلِفُ عَلَى يَمِينٍ أَرَى غَيْرَهَا خَيْرًا مِنْهَا إِلَّا أَتَيْتُ الَّذِي هُوَ خَيْرٌ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْد الْأَعْلَى التَّيْمِيُّ حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ عَنْ أَبِيه حَدَّثَنَا أَبُو السَّلِيلِ عَنْ زَهْدَمٍ يُحَدِّثُهُ عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ كُنَّا مُشَاةً فَأَتَيْنَا نَبِيَّ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ نَسْتَحْمِلُهُ بِنَحْوِ حَدِيثِ جَرِيرٍ[4270,4269]

آئے تھے۔ آپؐ نے قسم کھائی کہ ہمیں سواری نہیں دیں گے پھر ہم آپؐ کے پاس آئے اور آ کر آپؐ کو بتایا۔ آپؐ نے فرمایا میں کوئی قسم نہیں کھاتا مگر جب دوسری بات کو اس سے بہتر دیکھتا ہوں تو وہ کرتا ہوں جو زیادہ بہتر ہو۔

ایک اور روایت میں ہے کہ حضرت ابوموسیٰؓ اشعری بیان کرتے ہیں کہ ہم پیدل تھے ہم اللہ کے نبی ﷺ کے پاس سواری مانگنے آئے تھے۔

3099{11}حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْفَزَارِيُّ أَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ كَيْسَانَ عَنْ أَبِي حَازِمٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ أَعْتَمَ رَجُلٌ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ ثُمَّ رَجَعَ إِلَى أَهْلِه فَوَجَدَ الصِّبْيَةَ قَدْ نَامُوا فَأَتَاهُ أَهْلُهُ بِطَعَامِه فَحَلَفَ لَا يَأْكُلُ مِنْ أَجْلِ صِبْيَتِه ثُمَّ بَدَا لَهُ فَأَكَلَ فَأَتَى رَسُولَ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ فَذَكَرَ ذَلِكَ لَهُ فَقَالَ رَسُولُ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ مَنْ حَلَفَ عَلَى يَمِينٍ فَرَأَى غَيْرَهَا خَيْرًا مِنْهَا

3099: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں ایک شخص نبی ﷺ کے پاس رات دیر تک رہا۔ وہ اپنے گھر والوں کے پاس واپس آیا تو بچوں کو سوتے پایا۔ اس کی بیوی اس کے پاس اس کا کھانا لائی۔ اس نے قسم کھائی کہ وہ اپنے بچوں (کے نہ کھانے) کی وجہ سے کھانا نہیں کھائے گا۔ پھر اس کی رائے بنی تو اس نے کھانا کھا لیا۔ پھر رسول اللہ ﷺ کے پاس آ کر اس واقعہ کا ذکر کیا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے کوئی قسم کھائی پھر اس کے برعکس بات کو بہتر جانا تو وہ اسے کرلے اور اپنی قسم کا کفارہ ادا کردے۔

3099 : اطراف : مسلم كتاب الايمان باب ندب من حلف يمينا فرأى غيرها خيرا منها ... 4000، 4001، 4002، 4003، 4004، 4005

تخريج : ترمذی كتاب النذور والايمان باب ما جاء في الكفارة قبل الحنث 1530 **نسائي** كتاب الايمان و النذور الكفارة بعد الحنث 3785، 3786، 3787، 3789، 3790، 3791 **ابن ماجه** كتاب الكفارات باب من حلف على يمين 2108

فَلْيَأْتِهَا وَلْيُكَفِّرْ عَنْ يَمِينِه [4271]

3100{12}و حَدَّثَنِي أَبُو الطَّاهِرِ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّه بْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي مَالِكٌ عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِيه عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ حَلَفَ عَلَى يَمِينٍ فَرَأَى غَيْرَهَا خَيْرًا مِنْهَا فَلْيُكَفِّرْ عَنْ يَمِينِه وَلْيَفْعَلْ [4272]

3100: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے کوئی قسم کھائی پھر اس نے کوئی دوسری چیز کو بہتر جانا وہ اپنی قسم کا کفارہ دے اور وہ (کام) کرلے۔

3101{13}و حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي أُوَيْسٍ حَدَّثَنِي عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْمُطَّلِبِ عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِيه عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ مَنْ حَلَفَ عَلَى يَمِينٍ فَرَأَى غَيْرَهَا خَيْرًا مِنْهَا فَلْيَأْتِ الَّذِي هُوَ خَيْرٌ وَلْيُكَفِّرْ عَنْ يَمِينِه {14}و حَدَّثَنِي الْقَاسِمُ بْنُ زَكَرِيَّاءَ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنِي سُلَيْمَانُ يَعْنِي ابْنَ بِلَالٍ حَدَّثَنِي

3101: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے قسم کھائی پھر اس نے دوسری چیز کو بہتر جانا تو وہ اس کو بجالائے جو بہتر ہے اور اپنی قسم کا کفارہ دے دے۔
ایک اور روایت میں (وَلْيُكَفِّرْ عَنْ يَمِينِهِ کی بجائے) فَلْيُكَفِّرْ يَمِينَهُ وَلْيَفْعَلِ الَّذِى هُوَ خَيْرٌ کے الفاظ ہیں۔ یعنی اپنی قسم کا کفارہ دے اور وہ کرے جو زیادہ بہتر ہے۔

3100 : اطراف : مسلم كتاب الايمان باب ندب من حلف يمينا فرأى غيرها خيرا منها ... 3099 ، 4001، 4002 ، 4003، 4004، 4005

تخريج : ترمذى كتاب النذور والايمان باب ما جاء فى الكفارة قبل الحنث 1530 نسائى كتاب الايمان و النذور الكفارة بعد الحنث 3785، 3786 ، 3787 ، 3789، 3790 ، 3791 ابن ماجه كتاب الكفارات باب من حلف على يمين 2108

3101: اطراف : مسلم كتاب الايمان باب ندب من حلف يمينا فرأى غيرها خيرا منها ... 4000 ، 4001، 4002 ، 4003، 4004، 4005

تخريج : ترمذى كتاب النذور والايمان باب ما جاء فى الكفارة قبل الحنث 1530 نسائى كتاب الايمان و النذور الكفارة بعد الحنث 3785، 3786 ، 3787 ، 3789، 3790 ، 3791 ابن ماجه كتاب الكفارات باب من حلف على يمين 2108

سُهَيْلٌ فِي هَذَا الْإِسْنَادِ بِمَعْنَى حَدِيثِ مَالِكٍ فَلْيُكَفِّرْ يَمِينَهُ وَلْيَفْعَلِ الَّذِي هُوَ خَيْرٌ[4274,4273]

3102{15}حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ يَعْنِي ابْنَ رُفَيْعٍ عَنْ تَمِيمِ بْنِ طَرَفَةَ قَالَ جَاءَ سَائِلٌ إِلَى عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ فَسَأَلَهُ نَفَقَةً فِي ثَمَنِ خَادِمٍ أَوْ فِي بَعْضِ ثَمَنِ خَادِمٍ فَقَالَ لَيْسَ عِنْدِي مَا أُعْطِيكَ إِلَّا دِرْعِي وَمِغْفَرِي فَأَكْتُبُ إِلَى أَهْلِي أَنْ يُعْطُوكَهَا قَالَ فَلَمْ يَرْضَ فَغَضِبَ عَدِيٌّ فَقَالَ أَمَا وَاللَّهِ لَا أُعْطِيكَ شَيْئًا ثُمَّ إِنَّ الرَّجُلَ رَضِيَ فَقَالَ أَمَا وَاللَّهِ لَوْلَا أَنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ حَلَفَ عَلَى يَمِينٍ ثُمَّ رَأَى أَتْقَى لِلَّهِ مِنْهَا فَلْيَأْتِ التَّقْوَى مَا حَنَّثْتُ يَمِينِي[4275]

3102: تمیم بن طَرَفہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ ایک سائل حضرت عدیؓ بن حاتم کے پاس آیا اور خادم کی قیمت (ادا کرنے) کے لئے ان سے خرچ مانگا یا خادم کی قیمت کا کچھ حصہ۔ انہوں نے کہا میرے پاس تو کچھ نہیں جو میں تمہیں دوں سوائے میری زرہ اور میرے خود کے۔ میں اپنے گھر والوں کو لکھ دیتا ہوں کہ وہ تمہیں وہ رقم دے دیں۔ راوی کہتے ہیں وہ راضی نہ ہوا۔ حضرت عدیؓ ناراض ہو گئے اور کہا اللہ کی قسم میں تمہیں کچھ نہ دوں گا۔ پھر وہ شخص (اسی پر) راضی ہو گیا تو (حضرت عدیؓ) نے کہا سنو! اللہ کی قسم اگر میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے نہ سنا ہوتا کہ جو قسم کھائے پھر اس سے زیادہ اللہ کے تقویٰ کی بات دیکھے تو وہ تقویٰ والی بات کرے۔ تو میں اپنی قسم نہ توڑتا۔

3103{16}و حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ

3103: حضرت عدیؓ بن حاتم بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو کوئی قسم کھائے پھر وہ

3102 : اطراف : **مسلم** كتاب الايمان باب ندب من حلف يمينا فرأى غيرها خيرا منها ... 3099 ، 4000، 4001 ، 4003، 4004، 4005

تخريج : **ترمذى** كتاب النذور والايمان باب ما جاء في الكفارة قبل الحنث 1530 **نسائى** كتاب الايمان و النذور الكفارة بعد الحنث 3785 ، 3786، 3787 ، 3789، 3790 ، 3791 **ابن ماجه** كتاب الكفارات باب من حلف على يمين 2108

3103 : اطراف : **مسلم** كتاب الايمان باب ندب من حلف يمينا فرأى غيرها خيرا منها ... 3099 ، 4000 ، 4001 ، 4002، 4004، 4005 =

رُفَيْعٍ عَنْ تَمِيمِ بْنِ طَرَفَةَ عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ حَلَفَ عَلَى يَمِينٍ فَرَأَى غَيْرَهَا خَيْرًا مِنْهَا فَلْيَأْتِ الَّذِي هُوَ خَيْرٌ وَلْيَتْرُكْ يَمِينَهُ [4276]

دوسری بات اس سے بہتر دیکھے تو جو بہتر ہے وہ کر لے اور قسم چھوڑ دے۔

3104{17}حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ طَرِيفٍ الْبَجَلِيُّ وَاللَّفْظُ لِابْنِ طَرِيفٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ رُفَيْعٍ عَنْ تَمِيمٍ الطَّائِيِّ عَنْ عَدِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا حَلَفَ أَحَدُكُمْ عَلَى الْيَمِينِ فَرَأَى خَيْرًا مِنْهَا فَلْيُكَفِّرْهَا وَلْيَأْتِ الَّذِي هُوَ خَيْرٌ و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ طَرِيفٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ عَنِ الشَّيْبَانِيِّ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ رُفَيْعٍ عَنْ تَمِيمٍ الطَّائِيِّ عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ أَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ ذَلِكَ [4278,4277]

3104: حضرت عدیؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جب تم میں سے کوئی قسم کھائے پھر اس سے بہتر بات دیکھے تو اس (قسم) کا کفارہ دے اور وہ کرلے جو بہتر ہو۔

= تخریج : ترمذی کتاب النذور والایمان باب ما جاء فی الکفارة قبل الحنث 1530 نسائی کتاب الایمان و النذور الکفارة بعد الحنث 3785 ، 3786 ، 3787 ، 3789 ، 3790 ، 3791 ابن ماجه کتاب الکفارات باب من حلف علی یمین 2108

3104 : اطراف : مسلم کتاب الایمان باب ندب من حلف یمینا فرأی غیرها خیرا منها ... 3099 ، 4000 ، 4001 ، 4002 ، 4003 ، 4005

تخریج : ترمذی کتاب النذور والایمان باب ما جاء فی الکفارة قبل الحنث 1530 نسائی کتاب الایمان و النذور الکفارة بعد الحنث 3785 ، 3786 ، 3787 ، 3789 ، 3790 ، 3791 ابن ماجه کتاب الکفارات باب من حلف علی یمین 2108

3105{18}حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ تَمِيمِ بْنِ طَرَفَةَ قَالَ سَمِعْتُ عَدِيَّ بْنَ حَاتِمٍ وَأَتَاهُ رَجُلٌ يَسْأَلُهُ مِائَةَ دِرْهَمٍ فَقَالَ تَسْأَلُنِي مِائَةَ دِرْهَمٍ وَأَنَا ابْنُ حَاتِمٍ وَاللَّهِ لَا أُعْطِيكَ ثُمَّ قَالَ لَوْلَا أَنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ حَلَفَ عَلَى يَمِينٍ ثُمَّ رَأَى خَيْرًا مِنْهَا فَلْيَأْتِ الَّذِي هُوَ خَيْرٌ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ حَدَّثَنَا بَهْزٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ حَدَّثَنَا سِمَاكُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ سَمِعْتُ تَمِيمَ بْنَ طَرَفَةَ قَالَ سَمِعْتُ عَدِيَّ بْنَ حَاتِمٍ أَنَّ رَجُلًا سَأَلَهُ فَذَكَرَ مِثْلَهُ وَزَادَ وَلَكَ أَرْبَعُمِائَةٍ فِي عَطَائِي [4280,4279]

3105: تمیم بن طرفہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عدیؓ بن حاتم سے سنا جبکہ ان کے پاس ایک شخص سو درہم مانگنے آیا۔ انہوں نے کہا تم مجھ سے (صرف) سو درہم مانگتے ہو اور میں حاتم (طائی) کا بیٹا ہوں۔ اللہ کی قسم میں تمہیں نہ دوں گا پھر وہ کہنے لگے اگر میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے نہ سنا ہوتا کہ جو شخص کسی بات پر قسم کھائے پھر اس سے بہتر بات دیکھے تو وہ کرے جو بہتر ہے۔

ایک اور روایت میں (وَاَتَاهُ رَجُلٌ يَسْئَلُ کی بجائے) اِنَّ رَجُلًا سَأَلَهُ کے الفاظ ہیں۔ یہ اضافہ بھی ہے کہ یہ چار سو تمہارے لئے میرا عطیہ ہیں۔

3106{19}حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ حَدَّثَنَا عَبْدُ

3106: حضرت عبد الرحمان بن سمرہؓ بیان کرتے ہیں کہ مجھے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اے

3105 : اطراف : مسلم کتاب الایمان باب ندب من حلف یمینا فرأی غیرها خیرا منها ... 3099 ، 4000 ، 4001 ، 4002، 4003 ، 4004

تخریج : ترمذی کتاب النذور والایمان باب ما جاء فی الکفارة قبل الحنث 1530 **نسائی** کتاب الایمان و النذور الکفارة بعد الحنث 3785 ، 3786 ، 3787 ، 3789 ، 3790 ، 3791 **ابن ماجه** کتاب الکفارات باب من حلف علی یمین 2108

3106 : اطراف : مسلم کتاب الامارة باب النهی عن طلب الامارة والحرص علیها 3387

تخریج : بخاری کتاب الایمان والنذور باب قول الله تعالیٰ لا یؤاخذکم الله باللغو فی ایمانکم 6622 کتاب کفارات الأیمان باب الکفارة قبل الحنث وبعده 6722 کتاب الاحکام باب من لم یسأل الامارة اعانه الله علیها ... 7146 باب من سأل الامارة وکل الیها ... 7147 **ترمذی** کتاب النذور والایمان باب ما جاء فیمن حلف علی یمین فرأی غیرها خیرا منها 1529 **نسائی** کتاب الایمان و النذور باب الکفارة قبل الحنث 3782 ، 3783 ، 3784 کتاب آداب القضاة النهی عن مسألة الامارة 5384 **ابوداؤد** کتاب الخراج والفئی والامارة باب ما جاء فی طلب الامارة 2929

الرَّحْمَنِ بْنُ سَمُرَةَ قَالَ قَالَ لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ سَمُرَةَ لَا تَسْأَلِ الْإِمَارَةَ فَإِنَّكَ إِنْ أُعْطِيتَهَا عَنْ مَسْأَلَةٍ وُكِلْتَ إِلَيْهَا وَإِنْ أُعْطِيتَهَا عَنْ غَيْرِ مَسْأَلَةٍ أُعِنْتَ عَلَيْهَا وَإِذَا حَلَفْتَ عَلَى يَمِينٍ فَرَأَيْتَ غَيْرَهَا خَيْرًا مِنْهَا فَكَفِّرْ عَنْ يَمِينِكَ وَائْتِ الَّذِي هُوَ خَيْرٌ قَالَ أَبُو أَحْمَدَ الْجُلُودِيُّ حَدَّثَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ الْمَاسَرْجَسِيُّ حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ بِهَذَا الْحَدِيثِ حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ السَّعْدِيُّ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ عَنْ يُونُسَ وَمَنْصُورٍ وَحُمَيْدٍ ح و حَدَّثَنَا أَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ سِمَاكِ بْنِ عَطِيَّةَ وَيُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ وَهِشَامِ بْنِ حَسَّانَ فِي آخَرِينَ ح و حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ عَنْ أَبِيهِ ح و حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ الْعَمِّيُّ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَامِرٍ عَنْ سَعِيدٍ عَنْ قَتَادَةَ كُلُّهُمْ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَمُرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهَذَا الْحَدِيثِ وَلَيْسَ فِي حَدِيثِ الْمُعْتَمِرِ عَنْ أَبِيهِ ذِكْرُ الْإِمَارَةِ [4282,4281]

عبد الرحمان بن سمرہ! (کبھی) امارت طلب نہ کرنا کیونکہ اگر تجھے مانگنے پر یہ (امارت) دی گئی تو تمہیں اس کا ذمہ دار قرار دیا جائے گا اور اگر بن مانگے یہ تمہیں دی گئی تو اس پر تمہاری مدد کی جائے گی اور جب تم قسم کھاؤ پھر دوسری بات اس سے بہتر دیکھو تو اپنی قسم کا کفارہ دے دو اور وہ کرلو جو بہتر ہے۔ ایک اور روایت میں اَلْإِمَارَة کا ذکر نہیں ہے۔

[4]9:بَاب: يَمِينُ الْحَالِفِ عَلَى نِيَّةِ الْمُسْتَحْلِفِ

باب: قسم کھانے والے کی قسم، قسم لینے والے کی نیت کے مطابق ہوگی

3107{20}حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى وَعَمْرٌو النَّاقِدُ قَالَ يَحْيَى أَخْبَرَنَا هُشَيْمُ بْنُ بَشِيرٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ و قَالَ عَمْرٌو حَدَّثَنَا هُشَيْمُ بْنُ بَشِيرٍ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمِينُكَ عَلَى مَا يُصَدِّقُكَ عَلَيْهِ صَاحِبُكَ و قَالَ عَمْرٌو يُصَدِّقُكَ بِهِ صَاحِبُكَ [4283]

3107: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تمہاری قسم اس پر ہے جس پر تمہارا ساتھی تمہاری تصدیق کرے۔
راوی عمرو کی روایت میں (يُصَدِّقُكَ عَلَيْهِ صَاحِبُكَ کی بجائے) يُصَدِّقُكَ بِهِ صَاحِبُكَ کے الفاظ ہیں۔

3108{21}و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ عَنْ هُشَيْمٍ عَنْ عَبَّادِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْيَمِينُ عَلَى نِيَّةِ الْمُسْتَحْلِفِ [4284]

3108: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ قسم، حلف لینے والے کی نیت کے مطابق ہوگی۔

3107 : اطراف : **مسلم** کتاب الایمان باب یمین الحالف علی نیة المستحلف 4008

تخریج : **ترمذی** کتاب الاحکام باب ماجاء ان الیمین علی مایصدقه صاحبه 1354 **ابوداؤد** کتاب الایمان والنذور باب المعاریض فی الایمان 3254، 3255 **ابن ماجه** کتاب الکفارات باب من وری فی یمینه 2119، 2120، 2121

3108 : اطراف : **مسلم** کتاب الایمان باب یمین الحالف علی نیة المستحلف 4007

تخریج : **ترمذی** کتاب الاحکام باب ماجاء ان الیمین علی مایصدقه صاحبه 1354 **ابوداؤد** کتاب الایمان والنذور باب المعاریض فی الایمان 3254، 3255 **ابن ماجه** کتاب الکفارات باب من وری فی یمینه 2119، 2120، 2121

[5]10: بَاب الاسْتِثْنَاء

استثناء (یعنی انشاء اللہ کہنے) کا بیان

3109{22} حَدَّثَنِي أَبُو الرَّبِيعِ الْعَتَكِيُّ وَأَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ فُضَيْلُ بْنُ حُسَيْنٍ وَاللَّفْظُ لِأَبِي الرَّبِيعِ قَالَا حَدَّثَنَا حَمَّادٌ وَهُوَ ابْنُ زَيْدٍ حَدَّثَنَا أَيُّوبُ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ لِسُلَيْمَانَ سِتُّونَ امْرَأَةً فَقَالَ لَأَطُوفَنَّ عَلَيْهِنَّ اللَّيْلَةَ فَتَحْمِلُ كُلُّ وَاحِدَةٍ مِنْهُنَّ فَتَلِدُ كُلُّ وَاحِدَةٍ مِنْهُنَّ غُلَامًا فَارِسًا يُقَاتِلُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ فَلَمْ تَحْمِلْ مِنْهُنَّ إِلَّا وَاحِدَةٌ فَوَلَدَتْ نِصْفَ إِنْسَانٍ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ كَانَ اسْتَثْنَى لَوَلَدَتْ كُلُّ وَاحِدَةٍ مِنْهُنَّ غُلَامًا فَارِسًا يُقَاتِلُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ [4285]

3109: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ حضرت سلیمانؑ کی ساٹھ بیویاں تھیں۔انہوں نے کہا کہ آج رات میں ضرور ان کے پاس جاؤں گا پھر ان میں سے ہر ایک حاملہ ہوگی اور ہر ایک شہ سوار لڑکا جنے گی جو اللہ کی راہ میں جنگ کرے گا۔مگر ان عورتوں میں سے سوائے ایک کے کوئی حاملہ نہ ہوئی۔اور اس نے بھی آدھے انسان کو جنم دیا۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اگر سلیمان استثناء کرتے (یعنی انشاء اللہ کہتے) تو ضرور ہر عورت شہ سوار لڑکا خدا کی راہ میں لڑنے والا جنتی۔

3110{23} وحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ وَابْنُ أَبِي عُمَرَ وَاللَّفْظُ لِابْنِ أَبِي عُمَرَ قَالَا حَدَّثَنَا

3110: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے نبی ﷺ نے فرمایا کہ سلیمان بن داؤدؑ اللہ کے نبی نے کہا آج

3109 : اطراف : مسلم كتاب الايمان باب الاستثناء 4010 ، 4011 ، 4012

تخريج : بخارى كتاب احاديث الانبياء باب قول الله تعالىٰ ووهبنا لداؤد سليمان 3424 ترمذى كتاب النذور والايمان باب ما جاء فى الاستثناء فى اليمين 532 نسائى كتاب الايمان والنذور اذا حلف فقال له رجل ان شاء الله 3831 ابن ماجه كتاب الكفارات باب الاستثناء فى اليمين 2104

3110 : اطراف : مسلم كتاب الايمان باب الاستثناء 4009 ، 4011 ، 4012

تخريج : بخارى كتاب احاديث الانبياء باب قول الله تعالىٰ ووهبنا لداؤد سليمان 3424 ترمذى كتاب النذور والايمان باب ما جاء فى الاستثناء فى اليمين 1532 نسائى كتاب الايمان والنذور اذا حلف فقال له رجل ان شاء الله 3831

سُفْيَانُ عَنْ هشَامِ بْنِ حُجَيْرٍ عَنْ طَاوُسٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ قَالَ قَالَ سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ نَبِيُّ اللَّه لَأَطُوفَنَّ اللَّيْلَةَ عَلَى سَبْعِينَ امْرَأَةً كُلُّهُنَّ تَأْتِي بِغُلَامٍ يُقَاتِلُ فِي سَبِيلِ اللَّه فَقَالَ لَهُ صَاحِبُهُ أَوِ الْمَلَكُ قُلْ إِنْ شَاءَ اللَّهُ فَلَمْ يَقُلْ وَنَسِيَ فَلَمْ تَأْتِ وَاحِدَةٌ مِنْ نِسَائِه إِلَّا وَاحِدَةٌ جَاءَتْ بِشِقِّ غُلَامٍ فَقَالَ رَسُولُ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ وَلَوْ قَالَ إِنْ شَاءَ اللَّهُ لَمْ يَحْنَثْ وَكَانَ دَرَكًا لَهُ فِي حَاجَته و حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عُمَرَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ مِثْلَهُ أَوْ نَحْوَهُ[4287,4286]

رات میں ستر عورتوں کے پاس جاؤنگا ان میں سے ہر ایک لڑکا جنے گی جو اللہ کی راہ میں لڑے گا ان کے ساتھی یا فرشتے نے کہا انشاء اللہ کہئے مگر انہوں نے نہ کہا اور وہ (سلیمان) بھول گئے چنانچہ اُن کی بیویوں میں سے صرف ایک نے بچہ جنا وہ بھی ناقص لڑکا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اگر وہ انشاء اللہ کہتے تو ان کی بات سچی ہو جاتی اور یہ ان کی ضرورت پوری کرنے میں کام آتا۔

3111{24} وحَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ بْنُ هَمَّامٍ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ عَنْ أَبِيه عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ لَأُطِيفَنَّ اللَّيْلَةَ عَلَى سَبْعِينَ امْرَأَةً تَلِدُ كُلُّ امْرَأَةٍ مِنْهُنَّ غُلَامًا يُقَاتِلُ فِي سَبِيلِ اللَّه فَقِيلَ لَهُ قُلْ إِنْ شَاءَ

3111: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ سلیمان بن داؤدؑ نے کہا میں آج رات ستر بیویوں کے پاس جاؤنگا۔ ان میں سے ہر عورت لڑکا جنے گی جو اللہ کی راہ میں لڑے گا۔ ان سے کہا گیا آپ انشاء اللہ کہئے۔ انہوں نے ایسا نہیں کہا پھر وہ بیویوں کے پاس گئے۔ مگر ان میں سے سوائے ایک

3111 : **اطراف** : **مسلم** كتاب الايمان باب الاستثناء 4009 ، 4010 ، 4012

تخریج : **بخاری** كتاب احاديث الانبياء باب قول الله تعالىٰ ووهبنا لداؤد سليمان 3424 **ترمذی** كتاب النذور والايمان باب ما جاء فى الاستثناء فى اليمين 1532 **نسائی** كتاب الايمان والنذور اذا حلف فقال له رجل ان شاء الله 3831

اللَّهُ فَلَمْ يَقُلْ فَأَطَافَ بِهِنَّ فَلَمْ تَلِدْ مِنْهُنَّ إِلَّا امْرَأَةٌ وَاحِدَةٌ نِصْفَ إِنْسَانٍ قَالَ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ قَالَ إِنْ شَاءَ اللَّهُ لَمْ يَحْنَثْ وَكَانَ دَرَكًا لِحَاجَتِهِ [4288]

بیوی کے کسی کے اولاد نہ ہوئی۔ (اور وہ بھی) آدھا انسان۔ راوی کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اگر سلیمان انشاء اللہ کہتے تو ان کی بات سچی ہو جاتی اور یہ (قول) ان کی ضرورت پوری کرنے والا ہوتا۔

3112{25} و حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا شَبَابَةُ حَدَّثَنِي وَرْقَاءُ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَالَ سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ لَأَطُوفَنَّ اللَّيْلَةَ عَلَى تِسْعِينَ امْرَأَةً كُلُّهَا تَأْتِي بِفَارِسٍ يُقَاتِلُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ فَقَالَ لَهُ صَاحِبُهُ قُلْ إِنْ شَاءَ اللَّهُ فَلَمْ يَقُلْ إِنْ شَاءَ اللَّهُ فَطَافَ عَلَيْهِنَّ جَمِيعًا فَلَمْ تَحْمِلْ مِنْهُنَّ إِلَّا امْرَأَةٌ وَاحِدَةٌ فَجَاءَتْ بِشِقِّ رَجُلٍ وَايْمُ الَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ لَوْ قَالَ إِنْ شَاءَ اللَّهُ لَجَاهَدُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ فُرْسَانًا أَجْمَعُونَ و حَدَّثَنِيهِ سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ مَيْسَرَةَ عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ كُلُّهَا تَحْمِلُ غُلَامًا يُجَاهِدُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ [4290,4289]

3112: حضرت ابو ہریرہؓ کہتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا سلیمان بن داؤدؑ نے کہا آج رات میں نوّے بیویوں کے پاس جاؤں گا۔ ان میں سے ہر ایک شہسوار جنے گی جو اللہ کی راہ میں لڑے گا۔ ان کے ساتھی نے ان سے کہا آپ انشاء اللہ کہئے۔ انہوں نے انشاء اللہ نہیں کہا۔ وہ ان سب بیویوں کے پاس گئے مگر ان میں سے کوئی بھی حاملہ نہیں ہوئی۔ سوائے ایک کے جس نے آدھا مرد جنا اور اس کی قسم جس کے ہاتھ میں محمدؐ کی جان ہے اگر وہ انشاء اللہ کہتے تو وہ سب شہسوار ہو کر اللہ کی راہ میں جہاد کرتے۔

ایک اور روایت میں (كُلُّهَا تَأْتِي بِفَارِسٍ يُقَاتِلُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ کی بجائے) كُلُّهَا تَحْمِلُ غُلَامًا يُجَاهِدُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ کے الفاظ ہیں۔ یعنی ان بیویوں میں سے ہر ایک کو ایسے لڑکے کا حمل ہوگا جو اللہ کی راہ میں جہاد کرے گا۔

3112 : اطراف : مسلم كتاب الايمان باب الاستثناء 4009 ، 4010 ، 4011

تخريج : بخاری كتاب احاديث الانبياء باب قول الله تعالىٰ ووهبنا لداؤد سليمان 3424 ترمذی كتاب النذور والايمان باب ما جاء في الاستثناء في اليمين 1532 نسائی كتاب الايمان والنذور اذا حلف فقال له رجل ان شاء الله 3831

[6]11: بَاب: النَّهْيُ عَنِ الْإِصْرَارِ عَلَى الْيَمِينِ فِيمَا يَتَأَذَّى بِهِ أَهْلُ الْحَالِفِ مِمَّا لَيْسَ بِحَرَامٍ

باب: ایسی قسم پر اصرار کی ممانعت جس سے قسم کھانے والے کے گھر والوں کو تکلیف ہو اور وہ (کام) حرام میں سے نہ ہو

3113{26} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ قَالَ هَذَا مَا حَدَّثَنَا أَبُو هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ أَحَادِيثَ مِنْهَا وَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاللَّهِ لَأَنْ يَلَجَّ أَحَدُكُمْ بِيَمِينِهِ فِي أَهْلِهِ آثَمُ لَهُ عِنْدَ اللَّهِ مِنْ أَنْ يُعْطِيَ كَفَّارَتَهُ الَّتِي فَرَضَ اللَّهُ [4291]

3113: ہمام بن منبہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ یہ وہ احادیث ہیں جو حضرت ابو ہریرہؓ نے رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہوئے ہم سے بیان کیں اور انہوں نے کچھ احادیث کا ذکر کیا جن میں سے (ایک یہ) ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اگر تم میں سے کوئی اپنے اہل کے متعلق اپنی قسم پر مصر ہو تو وہ اللہ کے نزدیک گناہ گار ہے بہ نسبت اس کے کہ وہ کفارہ دے دے جو اللہ نے فرض کیا ہے۔

[7]12: بَاب: نَذْرُ الْكَافِرِ وَمَا يَفْعَلُ فِيهِ إِذَا أَسْلَمَ

باب: کافر کی نذر اور جب وہ مسلمان ہو جائے تو اس بارہ میں کیا کرے

3114{27} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَاللَّفْظُ لِزُهَيْرٍ قَالُوا حَدَّثَنَا يَحْيَى وَهُوَ ابْنُ سَعِيدٍ الْقَطَّانُ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ قَالَ أَخْبَرَنِي نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ عُمَرَ قَالَ يَا

3114: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ حضرت عمرؓ نے کہا یا رسولؐ اللہ! میں نے جاہلیت میں نذر مانی تھی کہ میں ایک رات مسجد حرام میں اعتکاف کروں گا آپؐ نے فرمایا اپنی نذر پوری کرو۔

ایک اور روایت میں (أَنْ أَعْتَكِفَ لَيْلَةً کی

3113 : تخریج : بخاری كتاب الايمان والنذور باب قول الله تعالىٰ لا يؤاخذكم الله باللغو في ايمانكم 6625 ، 6626 ابن ماجه كتاب الكفارات باب النهي ان يستلج الرجل في يمينه ولا يكفر 2114

3114 : اطراف : مسلم كتاب الايمان باب نذر الكافر وما يفعل فيه اذا اسلم 4015 =

رَسُولَ اللَّهِ إِنِّي نَذَرْتُ فِي الْجَاهِلِيَّةِ أَنْ أَعْتَكِفَ لَيْلَةً فِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ قَالَ فَأَوْفِ بِنَذْرِكَ و حَدَّثَنَا أَبُو سَعِيدٍ الْأَشَجُّ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ يَعْنِي الثَّقَفِيَّ ح و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ وَإِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ جَمِيعًا عَنْ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ جَبَلَةَ بْنِ أَبِي رَوَّادٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ كُلُّهُمْ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ و قَالَ حَفْصٌ مِنْ بَيْنِهِمْ عَنْ عُمَرَ بِهَذَا الْحَدِيثِ أَمَّا أَبُو أُسَامَةَ وَالثَّقَفِيُّ فَفِي حَدِيثِهِمَا اعْتِكَافُ لَيْلَةٍ وَأَمَّا فِي حَدِيثِ شُعْبَةَ فَقَالَ جَعَلَ عَلَيْهِ يَوْمًا يَعْتَكِفُهُ وَلَيْسَ فِي حَدِيثِ حَفْصٍ ذِكْرُ يَوْمٍ وَلَا لَيْلَةٍ[4293,4292]

بجائے) اِعْتِكَافُ لَيْلَةٍ کے الفاظ ہیں اور ایک روایت میں ہے کہ راوی نے کہا حضرت عمرؓ نے اپنے اوپر ایک دن کا اعتکاف لازم کیا تھا جبکہ ایک اور روایت میں دن یا رات کا ذکر نہیں ہے۔

= تخریج : بخاری کتاب الاعتکاف باب الاعتکاف لیلا 2032 باب من لم یر علیه اذا اعتکف صوما 2042 باب اذا نذر فی الجاهلیة ان یعتکف ثم اسلم 2043 کتاب فرض الخمس باب ما کان النبی ﷺ یعطی المؤلفة قلوبهم 3144 کتاب المغازی باب قول الله تعالیٰ ویوم حنین اذ اعجبتکم کثرتکم ... 4320 کتاب الایمان والنذور باب اذا نذر او حلف ان لا یکلم انسانا فی الجاهلیة ثم اسلم 6697 ترمذی کتاب النذور والایمان باب ماجاء فی وفاء النذر 1539 نسائی کتاب الایمان والنذور اذا نذر ثم اسلم قبل ان یفی 3820 ، 3821 ، 3822 ابن ماجه کتاب الصیام باب فی اعتکاف یوم او لیلة 1772

3115{28} و حَدَّثَنِي أَبُو الطَّاهِرِ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ أَنَّ أَيُّوبَ حَدَّثَهُ أَنَّ نَافِعًا حَدَّثَهُ أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عُمَرَ حَدَّثَهُ أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ سَأَلَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ بِالْجِعْرَانَةِ بَعْدَ أَنْ رَجَعَ مِنْ الطَّائِفِ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنِّي نَذَرْتُ فِي الْجَاهِلِيَّةِ أَنْ أَعْتَكِفَ يَوْمًا فِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ فَكَيْفَ تَرَى قَالَ اذْهَبْ فَاعْتَكِفْ يَوْمًا قَالَ وَكَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ أَعْطَاهُ جَارِيَةً مِنَ الْخُمْسِ فَلَمَّا أَعْتَقَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبَايَا النَّاسِ سَمِعَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ أَصْوَاتَهُمْ يَقُولُونَ أَعْتَقَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا هَذَا فَقَالُوا أَعْتَقَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبَايَا النَّاسِ فَقَالَ عُمَرُ يَا عَبْدَ اللَّهِ اذْهَبْ إِلَى تِلْكَ الْجَارِيَةِ

3115 :حضرت عبداللہ بن عمرؓ بیان کرتے ہیں حضرت عمرؓ بن خطاب نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا جبکہ آپؐ طائف سے واپس آنے کے بعد جعرانہ میں تھے اورعرض کیا یا رسولؐ اللہ! میں نے جاہلیت میں مسجد حرام میں ایک روز اعتکاف کرنے کی نذر مانی تھی آپؐ کا کیا ارشاد ہے؟ آپؐ نے فرمایا جاؤ اور ایک دن اعتکاف کرو،اورراوی کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے انہیں خمس میں سے ایک لڑکی دی۔ جب رسول اللہ ﷺ نے لوگوں کے قیدی آزاد کیے اور حضرت عمرؓ نے ان کی آوازیں سنیں وہ کہہ رہے تھے۔ہمیں رسول اللہ ﷺ نے آزاد کر دیا تو حضرت عمرؓ نے پوچھا کیا بات ہے؟ انہوں نے کہا رسول اللہ ﷺ نے لوگوں کے قیدی آزاد کر دیئے۔تو حضرت عمرؓ نے کہا اے عبداللہ! تم اس لڑکی کے پاس جاؤ اور اسے آزاد کر دو۔

ایک اور روایت حضرت ابن عمرؓ سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ جب نبی (ﷺ) حنین سے واپس تشریف لائے تو حضرت عمرؓ نے رسول اللہ ﷺ سے

3115 : اطراف : مسلم کتاب الایمان باب نذر الکافر وما یفعل فیہ اذا اسلم 4014

تخریج : بخاری کتاب الاعتکاف باب الاعتکاف لیلا 2032 باب من لم یر علیہ اذا اعتکف صوما 2042 باب اذا نذر فی الجاھلیۃ ان یعتکف ثم اسلم 2043 کتاب فرض الخمس باب ما کان النبی ﷺ یعطی المؤلفۃ قلوبھم 3144 کتاب المغازی باب قول اللہ تعالیٰ ویوم حنین اذ اعجبتکم کثرتکم ... 4320 کتاب الایمان والنذور باب اذا نذر او حلف ان لا یکلم انسانا فی الجاھلیۃ ثم اسلم 6697 **ترمذی** کتاب النذور والایمان باب ماجاء فی وفاء النذر 1539 **نسائی** کتاب الایمان والنذور اذا نذر ثم اسلم قبل ان یفی 3820 ، 3821 ، 3822 **ابن ماجہ** کتاب الصیام باب فی اعتکاف یوم او لیلۃ 1772

فَخَلِّ سَبِيلَهَا و حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ لَمَّا قَفَلَ النَّبِيُّ مِنْ حُنَيْنٍ سَأَلَ عُمَرُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ نَذْرٍ كَانَ نَذَرَهُ فِي الْجَاهِلِيَّةِ اعْتِكَافِ يَوْمٍ ثُمَّ ذَكَرَ بِمَعْنَى حَدِيثِ جَرِيرِ بْنِ حَازِمٍ و حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ حَدَّثَنَا أَيُّوبُ عَنْ نَافِعٍ قَالَ ذُكِرَ عِنْدَ ابْنِ عُمَرَ عُمْرَةُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ الْجِعْرَانَةِ فَقَالَ لَمْ يَعْتَمِرْ مِنْهَا قَالَ وَكَانَ عُمَرُ نَذَرَ اعْتِكَافَ لَيْلَةٍ فِي الْجَاهِلِيَّةِ ثُمَّ ذَكَرَ نَحْوَ حَدِيثِ جَرِيرِ بْنِ حَازِمٍ وَمَعْمَرٍ عَنْ أَيُّوبَ و حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الدَّارِمِيُّ حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ أَيُّوبَ ح و حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ خَلَفٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَقَ كِلَاهُمَا عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ بِهَذَا الْحَدِيثِ فِي النَّذْرِ وَفِي حَدِيثِهِمَا جَمِيعًا اعْتِكَافُ يَوْمٍ [4297,4296,4295,4294]

ایک نذر کے بارہ میں پوچھا جو انہوں نے جاہلیت میں ایک دن اعتکاف بیٹھنے کی مانی تھی۔ باقی روایت سابقہ روایت کی طرح ہے۔

نافع سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت ابن عمرؓ کے سامنے رسول اللہ ﷺ کے جعرانہ سے (تشریف لے جا کر) عمرہ کرنے کا ذکر کیا گیا۔ انہوں نے کہا آپؐ نے وہاں سے عمرہ نہیں کیا۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت عمرؓ نے جاہلیت میں ایک رات اعتکاف بیٹھنے کی نذر مانی تھی۔ باقی روایت سابقہ روایت کی طرح ہے۔

ایک روایت میں اِعْتِکَافُ یَوْمٍ کے الفاظ ہیں۔

[8]13: بَاب صُحْبَةِ الْمَمَالِيكِ وَكَفَّارَةِ مَنْ لَطَمَ عَبْدَهُ

غلاموں سے معاشرت اور جو غلام کو تھپڑ مارے اس کے کفارہ کا بیان

3116{29}حَدَّثَنِي أَبُو كَامِلٍ فُضَيْلُ بْنُ حُسَيْنٍ الْجَحْدَرِيُّ حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ فِرَاسٍ عَنْ ذَكْوَانَ أَبِي صَالِحٍ عَنْ زَاذَانَ أَبِي عُمَرَ قَالَ أَتَيْتُ ابْنَ عُمَرَ وَقَدْ أَعْتَقَ مَمْلُوكًا قَالَ فَأَخَذَ مِنَ الْأَرْضِ عُودًا أَوْ شَيْئًا فَقَالَ مَا فِيهِ مِنَ الْأَجْرِ مَا يَسْوَى هَذَا إِلَّا أَنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ لَطَمَ مَمْلُوكَهُ أَوْ ضَرَبَهُ فَكَفَّارَتُهُ أَنْ يُعْتِقَهُ [4298]

3116: زاذان ابی عمر سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں حضرت ابن عمرؓ کے پاس آیا انہوں نے ایک غلام آزاد کیا تھا۔ راوی کہتے ہیں انہوں نے زمین سے ایک لکڑی اٹھائی یا کوئی چیز اور کہا اس میں اتنا بھی اجر نہیں جو اس کے برابر ہو سوائے اس کے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا ہے جس نے اپنے غلام کو تھپڑ مارا یا اسے سزا دی تو اس کا کفارہ یہ ہے کہ وہ اسے آزاد کرے۔

3117{30} و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ وَاللَّفْظُ لِابْنِ الْمُثَنَّى قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ فِرَاسٍ قَالَ سَمِعْتُ ذَكْوَانَ يُحَدِّثُ عَنْ زَاذَانَ أَنَّ ابْنَ عُمَرَ دَعَا بِغُلَامٍ لَهُ فَرَأَى بِظَهْرِهِ أَثَرًا فَقَالَ لَهُ أَوْجَعْتُكَ قَالَ لَا قَالَ فَأَنْتَ عَتِيقٌ قَالَ ثُمَّ أَخَذَ شَيْئًا مِنَ الْأَرْضِ فَقَالَ مَا لِي

3117: زاذان سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمرؓ نے اپنے ایک غلام کو بلایا اور اس کی پیٹھ پر نشان دیکھا اور اسے کہا میں نے تجھے (یہ) تکلیف دی ہے؟ اس نے کہا نہیں انہوں نے فرمایا تم آزاد ہو۔ راوی کہتے ہیں پھر انہوں نے زمین سے کوئی چیز اُٹھائی اور کہنے لگے میرے لئے اس (غلام کی آزادی) میں اس (تنکے) کے برابر بھی اجر نہیں۔

3116: اطراف : مسلم كتاب الايمان باب نذر الكافر وما يفعل فيه اذا اسلم 4017، 4018، 4019، 4020
تخريج : ترمذی كتاب النذور والايمان باب ماجاء في الرجل يلطم خارمه 1542 ابو داؤد كتاب الادب باب في حق المملوک 5166، 5167، 5168

3117: اطراف :مسلم كتاب الايمان باب باب نذر الكافر وما يفعل فيه اذا اسلم 4016، 4018، 4019، 4020
تخريج : ترمذی كتاب النذور والايمان باب ماجاء في الرجل يلطم خارمه 1542 ابو داؤد كتاب الادب باب في حق المملوک 5166، 5167، 5168

فِيهِ مِنَ الْأَجْرِ مَا يَزِنُ هَذَا إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ ضَرَبَ غُلَامًا لَهُ حَدًّا لَمْ يَأْتِهِ أَوْ لَطَمَهُ فَإِنَّ كَفَّارَتَهُ أَنْ يُعْتِقَهُ و حَدَّثَنَاه أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ح و حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ كِلَاهُمَا عَنْ سُفْيَانَ عَنْ فِرَاسٍ بِإِسْنَادِ شُعْبَةَ وَأَبِي عَوَانَةَ أَمَّا حَدِيثُ ابْنِ مَهْدِيٍّ فَذَكَرَ فِيهِ حَدًّا لَمْ يَأْتِهِ وَفِي حَدِيثِ وَكِيعٍ مَنْ لَطَمَ عَبْدَهُ وَلَمْ يَذْكُرِ الْحَدَّ [4300,4299]

میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا ہے جس نے اپنے غلام کو مارا جو حد کا مرتکب نہیں ہوا یا اسے تھپڑ لگایا تو اس کا کفارہ یہ ہے کہ وہ اسے آزاد کردے۔
ایک اور روایت میں مَنْ لَطَمَ عَبْدَهُ کے الفاظ تو ہیں مگر حدّ کا ذکر نہیں۔

3118{31}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ نُمَيْرٍ ح و حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ وَاللَّفْظُ لَهُ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ سُوَيْدٍ قَالَ لَطَمْتُ مَوْلًى لَنَا فَهَرَبْتُ ثُمَّ جِئْتُ قُبَيْلَ الظُّهْرِ فَصَلَّيْتُ خَلْفَ أَبِي فَدَعَاهُ وَدَعَانِي ثُمَّ قَالَ امْتَثِلْ مِنْهُ فَعَفَا ثُمَّ قَالَ كُنَّا بَنِي مُقَرِّنٍ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ لَنَا إِلَّا خَادِمٌ وَاحِدَةٌ فَلَطَمَهَا أَحَدُنَا فَبَلَغَ ذَلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أَعْتِقُوهَا قَالُوا لَيْسَ لَهُمْ

3118: معاویہ بن سوید سے روایت ہے کہ میں نے اپنے ایک آزاد کردہ غلام کو تھپڑ مارا اور بھاگ گیا پھر ظہر سے کچھ پہلے آیا اور اپنے والد کے پیچھے نماز پڑھی۔ انہوں نے اس (غلام) کو بلایا اور مجھے (بھی) بلایا۔ پھر اسے کہا اس سے بدلہ لے لو مگر اس نے معاف کردیا۔ پھر (میرے والد) کہنے لگے ہم بنی مقرّن رسول اللہ ﷺ کے عہد میں تھے تو ہماری صرف ایک خادمہ ہوتی تھی ہم میں سے کسی نے اسے تھپڑ مار دیا۔ رسول اللہ ﷺ کو یہ بات پتہ چلی تو آپؐ نے فرمایا اسے آزاد کردو۔ انہوں نے کہا ہمارے پاس اس کے سوا کوئی خادم نہیں۔ آپؐ نے

3118 : اطراف : **مسلم** کتاب الایمان باب نذر الکافر وما یفعل فیه اذا اسلم 4016 ، 4017 ، 4019 ، 4020
تخریج : ترمذی کتاب النذور والایمان باب ماجاء فی الرجل یلطم خادمه 1542 **ابو داؤد** کتاب الادب باب فی حق المملوک 5166، 5167، 5168

خَادِمٌ غَيْرُهَا قَالَ فَلْيَسْتَخْدِمُوهَا فَإِذَا اسْتَغْنَوْا عَنْهَا فَلْيُخَلُّوا سَبِيلَهَا[4301]

فرمایا پھر وہ (فی الحال) اس سے خدمت لے لیں جب اس کی ضرورت نہ رہے تو اسے آزاد کر دیں۔

3119{32}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ وَاللَّفْظُ لِأَبِي بَكْرٍ قَالَا حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ عَنْ حُصَيْنٍ عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ قَالَ عَجِلَ شَيْخٌ فَلَطَمَ خَادِمًا لَهُ فَقَالَ لَهُ سُوَيْدُ بْنُ مُقَرِّنٍ عَجَزَ عَلَيْكَ إِلَّا حُرُّ وَجْهِهَا لَقَدْ رَأَيْتُنِي سَابِعَ سَبْعَةٍ مِنْ بَنِي مُقَرِّنٍ مَا لَنَا خَادِمٌ إِلَّا وَاحِدَةٌ لَطَمَهَا أَصْغَرُنَا فَأَمَرَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ نُعْتِقَهَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ حُصَيْنٍ عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ قَالَ كُنَّا نَبِيعُ الْبَزَّ فِي دَارِ سُوَيْدِ بْنِ مُقَرِّنٍ أَخِي النُّعْمَانِ بْنِ مُقَرِّنٍ فَخَرَجَتْ جَارِيَةٌ فَقَالَتْ لِرَجُلٍ مِنَّا كَلِمَةً فَلَطَمَهَا فَغَضِبَ سُوَيْدٌ فَذَكَرَ نَحْوَ حَدِيثِ ابْنِ إِدْرِيسَ [4303,4302]

